**26-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ BJP کے سینئر لیڈر اوم برلا کو دوسری مدت کے لیے لوک سبھا کا اسپیکر منتخب کیا گیا ہے۔
☆ دلی کی ایک عدالت نے، کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں، وزیراعلیٰ اروند کجریوال کو تین دن کے لیے CBI کی تحویل میں بھیج دیا ہے۔
☆ جموں و کشمیر میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ تصادم میں، تین دہشت گرد ہلاک ہوئے ہیں۔
☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے میانما کے نائب وزیراعظم U-Than Shwe کے ساتھ میٹنگ کی۔ انہوں نے سرحدی سلامتی پر تشدد کے اثرات کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا۔
☆ سبکدوش ہو رہے نیدرلینڈ کے وزیراعظم مارک رَٹ، نیٹو کے اگلے سکریٹری جنرل ہوں گے۔
☆ اور کھیلوں میں، ہاکی انڈیا نے پیرس اولمپکس 2024 کے لیے 16 رکنی بھارت کے مردوں کی ہاکی ٹیم کا اعلان کیا۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**LS Speaker**

BJP کے سینئر رکن پارلیمنٹ اوم برلا کو آج لگاتار دوسری مدتِ کار کے لیے، 18 ویں لوک سبھا کا اسپیکر منتخب کیا گیا۔ انہیں صوتی ووٹ سے منتخب کیا گیا، کیونکہ اپوزیشن نے اپنے امیدوار، کانگریس MP کے-سریش کی حمایت میں ایوان میں ووٹنگ کے لیے دباؤ نہیں ڈالا۔ اسپیکر کی حیثیت سے، جناب اوم برلا کے انتخاب کے بعد وزیراعظم نریندر مودی، اپوزیشن رہنما راہل گاندھی اور پارلیمانی امور کے وزیر کرین رججو انہیں اسپیکر کی کرسی تک لے گئے۔ اِس سے قبل آج صبح جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، وزیراعظم نریندر مودی اور NDA کے دیگر 12 رہنماؤں نے جناب برلا کو اسپیکر کے طور پر منتخب کرنے کے لیے قرارداد پیش کی۔ اپنے خطاب میں جناب برلا نے زور دے کر کہا کہ پارلیمانی اقدار اور جمہوری روایات کو فروغ دینا اُن کی ترجیحات میں شامل ہوں گے۔

S/B - 2100 -Om Birla

جناب برلا کو اسپیکر کی حیثیت سے اُن کے انتخاب پر مبارکباد دیتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ جناب برلا کے دوسری بار دوبارہ منتخب ہونے سے آج تاریخ رقم ہورہی ہے۔

S/B- 2100 - PM - 1

اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی نے بھی جناب برلا کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ ایوان عوام کی آواز کی نمائندگی کرتا ہے۔

S/B - 2100 - Rahul Gandhi

بعد میں، اسپیکر نے 25 جون 1975 کو ایمرجنسی کے نفاذ کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوان اِس کی شدید مذمت کرتا ہے۔

انہوں نے اُن تمام لوگوں کے عزم کی ستائش کی جنہوں نے ایمرجنسی کی مخالفت کی، مظالم کا مقابلہ کیا اور جمہوریت کے تحفظ کی اپنی ذمہ داری کو پورا کیا۔

اِس دوران وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ لوک سبھا اسپیکر نے ایمرجنسی کی سخت مذمت کی اور اِس دوران ہونے والی زیادتیوں کو اجاگر کیا اور جس طرح جمہوریت کا گلا گھونٹا گیا اُس کا بھی ذکر کیا۔×

## CBI Court Kejriwal Jail

دلّی کی ایک عدالت نے آج دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو تین دن کی CBI تحویل میں بھیج دیا۔ CBI نے چند گھنٹے قبل ہی کجریوال کو کالے دھن کو جائز بنانے سے متعلق کیس میں گرفتار کیا تھا۔ اِس سے پہلے آج CBI نے جناب کجریوال کو راؤز اوینو عدالت میں پیش کرنے سے پہلے اُنھیں باضابطہ طور پر گرفتار کیا۔ CBI کی جانب سے تہاڑ جیل میں جناب کجریوال سے پوچھ تاچھ کے بعد CBI کو انھیں خصوصی عدالت میں پیش کرنے کی اجازت دی گئی۔ اِسی سے متعلق پیشرفت کے تحت وزیر اعلیٰ کجریوال نے سپریم کورٹ میں داخل اپنی اُس درخواست کو واپس لے لیا جس میں دلّی ہائیکورٹ کی جانب سے اُن کی رہائی پر عبوری روک لگائے جانے کو چیلنج کیا گیا تھا۔

واضح ہو کہ دلّی ہائیکورٹ نے ختم کردی گئی دلّی آبکاری پالیسی سے متعلق معاملے میں کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں وزیر اعلیٰ کجریوال کو دی گئی عبوری ضمانت پر روک لگا دی تھی۔

جسٹس منوج مسرا اور جسٹس SVN بھٹّی پر مشتمل سپریم کورٹ کی تعطیلاتی بینچ کے روبرو سینئر وکیل ابھیشیک منو سنگھوی نے عام آدمی پارٹی سربراہ کی وکالت کی۔

جناب سنگھوی نے کہا کہ کالے دھن کو جائز بنانے سے متعلق معاملے میں وزیر اعلیٰ کجریوال کو ٹرائل کورٹ کی جانب سے دی گئی ضمانت پر دلّی ہائیکورٹ کی جانب سے روک لگانے کے معاملے میں سپریم کورٹ میں نئی درخواست داخل کی جائے گی۔

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED کی جانب سے داخل کردہ عرضداشت پر کل آخری فیصلہ سناتے ہوئے دلی

ہائیکورٹ نے کہا کہ ٹرائل کورٹ کی تعطیلاتی بینچ نے اِس پورے معاملے میں سمجھداری سے کام نہیں لیا اور ED کو ضمانت کی درخواست پر بحث کرنے کیلئے مساوی موقع دیا جانا چاہیے۔x

## CBI NEET Paper Leak

CBI کی ایک ٹیم آج، NEET امتحان پرچہ لیک معاملے کی تحقیقات کرنے کے لیے جھارکھنڈ کے ہزاری باغ میں واقع Oasis School پہنچی۔ CBI کی ٹیم نے، پرچہ لیک معاملے کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں، اسکول کے پرنسپل سے پوچھ تاچھ کی۔ پوچھ تاچھ کے بعد CBI پرنسپل کو مزید تحقیقات کے لیے اپنے ساتھ لے گئی۔ مذکورہ پرنسپل NEET امتحان کے لیے ہزاری باغ کے اسکولوں کے سٹی کوآرڈینیٹر تھے۔ CBI کی ٹیم نے اسٹیٹ بینک آف انڈیا ہزاری باغ کے افسران سے بھی پوچھ تاچھ کی جہاں سوال نامے رکھے گئے تھے۔ x

## Rev J&K Terrorist Killed

جموں و کشمیر میں، آج ڈوڈہ ضلع کے جنگلاتی علاقے میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ تصادم میں تین دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پہاڑی ضلع ڈوڈہ کے گندوہ علاقے کے Bajad گاؤں میں آج صبح تقریباً ساڑھے نو بجے سکیورٹی فورسز اور ملی ٹینٹوں کے درمیان گولی باری اُس وقت شروع ہوگئی جب اس مہینے کی 11 اور 12 تاریخ کو پہاڑی ضلعوں میں دو دہشت گردانہ حملوں کے بعد فوج اور CRPF کے ساتھ مل کر پولس کی جانب سے محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کو تیز کیا گیا تھا۔

پولیس نے سکیورٹی فورسز کی مدد سے Sinoo پنچایت کے گاؤں میں ایک کارروائی شروع کی تھی، تبھی وہ Dhok میں مٹی کے ایک کچّے مکان میں چھپے دہشت گردوں کی طرف سے شدید گولہ باری کی زد میں آگئے۔

جوابی کارروائی میں، ایک دہشت گرد اُس وقت ہلاک ہوگیا جب اس نے باہر نکل کر تلاشی ٹیم پر فائرنگ کی۔ بعد میں دوپہر میں دو اور ملی ٹینٹوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ ہلاک شدہ تینوں ملی ٹینٹوں کی لاش برآمد کر لی گئی ہے۔ اُن کے قبضے سے امریکی ساخت کے دو M4 رائفلز اور ایک Kalashnikov سمیت کچھ اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیے گئے۔ ADGP جموں سمیت کچھ سینئر پولیس آفیسرز موقعے پر پہنچ گئے ہیں۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔x

## DRDO

دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم DRDO نے درمیانی فاصلہ کے مائیکرو Obscurant Chaff Rocket (MR-MOCR) کو آج نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران بھارتی بحریہ کو سپرد کیا۔

مائیکرو ویو Obscurant Chaff ایک اعلیٰ ٹیکنالوجی ہے جسے جودھپور میں واقع دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم DRDO کی دفاعی لیباریٹری نے تیار کیا ہے۔ یہ راڈار سگنلز کو غیر واضح کرتا ہے اور پلیٹ فارمز اور اثاثوں کے گرد مائیکرو ویو شیلڈ بناتا ہے اور راڈار حراست کو کم کرتا ہے۔ درمیانی فاصلہ کے Chaff راکٹ میں خاص قسم کے فائبرس جمع کئے گئے ہیں، جب یہ راکٹ داغا جاتا ہے تو خلا میں غیر واضح مائیکرو ویو Cloud بناتا ہے۔x

## Jaishankar Myanmar FM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے میانمار کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کی اور میانمار -بھارت سرحد پر جاری تشدد ور عدم استحکام پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے میانمار کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ U Than Shwe سے آج نئی دلی میں ملاقات کی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت مسئلے کو حل کرنے کے لیے سبھی فریقوں سے بات چیت کے لیے تیار ہے۔

سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے غیرقانونی منشیات، ہتھیاروں کی اسمگلنگ اور انسانی اسمگلنگ جیسے معاملوں کو خصوصی طور پر اُٹھایا۔×

## New Criminal Laws

تین نئے فوجداری قوانین اگلے مہینے کی ایک تاریخ سے نافذ ہو جائیں گے۔ یہ قوانین ہیں بھارتیہ نیائے سنہتا -2023، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا- 2023 اور بھارتیہ ساکش ادھینیم- 2023۔

ان قوانین سے متعلق بلوں کو پارلیمنٹ نے گذشتہ سال سرمائی اجلاس میں منظوری دی تھی۔ نئے فوجداری قوانین بھارتی شہریوں کو بااختیار بنانے کے تئیں اہم قدم ہیں۔ اِن قوانین کا مقصد ہر کسی کے لیے قابلِ دسترس، معاون اور موثر نظامِ انصاف قائم کرنا ہے۔

نئے فوجداری قوانین کے اہم التزامات میں واقعات کی آن لائن شکایت درج کرنا، کسی بھی پولس اسٹیشن میں FIR کا اندراج اور متاثرہ افراد کو FIR کی بلامعاوضہ کاپی فراہم کرنا شامل ہیں۔

اس کے علاوہ گرفتاری کی صورت میں، متاثرہ شخص کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنے پسندیدہ شخص کو صورتحال سے واقف کرائے۔×

## Nato Secratery General

شمالی اوقیانوس کونسل نے نارتھ ایٹلانٹک ٹریٹی آرگنائزیشن، نیٹو کے سکریٹری جنرل کے طور پر نیدرلینڈ کے سبکدوش ہو رہے وزیراعظم مارک رَٹ کا تقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نیٹو نے آج جاری ایک بیان میں کہا کہ جناب رَٹ، ایک اکتوبر کو نیٹو کے سکریٹری جنرل کے طور پر اپنی ذمے داری سنبھالیں گے۔ اس سے پہلے 19 جون کو رومانیہ کے صدر Klaus Iohannis نے باضابطہ طور پر نیٹو کے سکریٹری جنرل کی دوڑ سے اپنا نام واپس لے لیا تھا۔ اس کے نتیجے میں جناب رَٹ کو سبھی 32 رکن ممالک کی حمایت حاصل ہوگئی تھی۔ 57 سالہ مارک رَٹ کی مدت 14 سال تک نیدرلینڈ کے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ایک ہفتے میں ختم ہو رہی ہے۔

جناب رٹ، نیدر لینڈ سے تعلق رکھنے والے چوتھے ایسے شخص ہوں گے جو 75 سال قدیم اتحاد نیٹو کی سربراہی کریں گے۔نیندرلینڈ نیٹو کا بانی ممبر ملک ہے۔ نیٹو کے سکریٹری جنرل پر اتحاد کے درمیان تال میل قائم کرنے کی ذمہ داری ہوتی ہے اور وہ نیٹو کے سب سے اہم افسران میں سے ایک ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ نیٹو کی ملٹری کمیٹی کے چیئرمین اور سپریم الائڈ کمانڈر یورپ دیگر انتہائی اہم عہدوں میں شامل ہیں۔×

## CDS Nuclear

دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان نے اِس بات کو دوہرایا ہے کہ بھارت کی منفرد نیوکلیائی پالیسی کا اصول نیوکلیائی ہتھیاروں کا پہلے استعمال نہ کرنے اور زبردست جواب دینے پر مبنی ہے۔
جنرل چوہان آج نئی دلی میں ایک سیمنار کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس کا عنوان تھا نیوکلیائی حکمت عملی: ہم عصر پیش رفت اور مستقبل کے امکانات'' - اپنے خطاب میں جنرل چوہان نے روایتی جنگوں کی بدلتی نوعیت اور عوامل پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ نیوکلیائی ہتھیاروں کے خطرات نے ایک بار پھر عالمی منظر نامے میں مرکزی حیثیت اختیار کر لی ہے۔ چیف آف ڈیفنس اسٹاف نے گہری حکمت عملی کی ضرورت، نئے نظریوں کے ارتقاء، حملوں سے باز رکھنے والی حکمت عملیوں پر دوبارہ غور کرنے اور نیوکلیائی بنیادی ڈھانچے کی حفاظت پر زور دیا۔x

## Bihar Monsoon

بہار میں جنوب مغربی مانسون ریاست کے مغربی اور جنوبی حصے میں دھیمے رفتار سے آگے بڑھ رہا ہے، پٹنہ کے محکمۂ موسمیات نے اگلے 48 گھنٹوں کے دوران شدید گرمی سے دوچار علاقوں میں مانسون کے مزید پھیلنے کی پیشگوئی کی ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

## VC Dharmendra

## Goa Rain Prectiction

گوا میں محکمۂ موسمیات نے ریاست کے مختلف مقامات میں 29 جون تک تیز ہواؤں کے ساتھ شدید سے شدید تر بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے اور Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے 28 جون تک طوفانی موسم ہونے کے بارے میں وارننگ جاری کی ہے اور ماہی گیروں کو اِس دوران جنوب مہاراشٹر، گوا ساحل کے قریب نہ جانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔x

## Kerala Orange Alert

کیرالہ میں، بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے ریاست کے سات ضلعوں میں اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے ریاست کے الگ الگ مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ Pathanamthitta، ارناکولم، اِیدوکی، کوزی کوڈ، وایناڈ، کنّور اور Kasaragod ضلعوں کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریاست کی کئی جگہوں پر کل رات سے شدید بارش ہو رہی ہے۔ ریاست کے کچھ مقامات پر مٹی کے تودے کھسکنے اور بڑے پیمانے پر نقصان کی بھی خبر ہے۔ کولّم میں، درختوں اور بجلی کے کھمبوں کے اکھڑنے سے کئی مکانوں کو نقصان پہنچا ہے۔x

## TN Rain Conclition

علاقائی محکمہ موسمیات نے کوئمبٹور ضلع کے Ghat علاقے اور Nilgiris ضلع کے مختلف مقامات پر اگلے سات دنوں تک شدید سے شدید تر بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ کنیا کماری ضلع اور Tiruppur، Dindigul، Theni، Tenkasi اور Tirunelveli اضلاع کے گھاٹ علاقے کے مختلف مقامات پر شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے چینئی شہر اور آس پاس کے علاقوں میں اگلے 48 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Hockey

ہاکی انڈیا نے آج، اگلے مہینے کی 26 تاریخ سے 11 اگست تک منعقد ہونے والے پیرس اولمپکس 2024 کے لیے 16 رکنی بھارت کے مردوں کی ہاکی ٹیم کا اعلان کیا ہے۔ اِس ٹیم میں پانچ کھلاڑی ایسے ہیں جو پہلی مرتبہ اولمپکس میں کھیلیں گے۔ ٹیم کی کپتانی ڈریگ فلکّر اور ڈیفنڈر ہرمن پریت سنگھ کریں گے جبکہ مِڈ فلڈر ہاردِک سنگھ نائب کپتان ہوں گے۔ اِس ٹیم میں تجربہ کار گول کیپر PR Sreejesh کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ دفاعی کھلاڑیوں میں ہرمن پریت سنگھ، جرمن پریت سنگھ، امت روہیداس، سمیت اور سنجے شامل ہیں۔ بھارت، اگلے مہینے کی 27 تاریخ کو نیوزی لینڈ کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ بھارت 29 جولائی کو ارجنٹینا کے ساتھ دوسرا میچ کھیلے گا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆